# Regional Urdu Text Bulletin, Chhatrapati Sambhajinagar

Date : 15 July 2024

Time : 09.00 to 09.10 AM

# آکاشوانی چھترپتی سنبھاجی نگر

## علاقائی خبریں

تاریخ : ۱۵/جولائی ۲۰۲۴ء

وقت : صبح ۹.۰۰ سے ۹.۱۰ بجے

**پہلے خاص خبروں کی سرخیاں ...**

☆ وارکریوں کے لیے علیحدہ سے وارکری کارپوریشن کا قیام ' وزیراعلیٰ نے لیا آشاڈھی ایکادشی کی تیاریوں کا جائزہ

☆ کوکن سمیت وسطی مہاراشٹر میں موسلا دھار بارش

☆ زمبابوے کے خلاف کھیلی گئی T-20 رکرکٹ سیریز میں بھارت فاتح

اور

☆ وِمبلڈن ٹینس ٹورنامنٹ اسپین کے کارلوس الکاراز نے جیتا

**اب خبریں تفصیل سے...**

آشاڈھی واری کے لیے پنڈھرپور جانے والے وارکریوں کو کسی بھی قسم کی بے آرامی نہ ہو اِس بات کا خاص خیال رکھا جائے ۔ وزیراعلیٰ ایکناتھ شندے نے انتظامیہ کو یہ ہدایت دی ہے۔خیال رہے کہ آشاڈھی ایکادشی پرسوں بدھ کے روز منائی جائے گی ۔ اِسی پس منظر میں وزیراعلیٰ نے کل پنڈھرپور میں وارکریوں کے لیے کیے گئے انتظامات کا جائزہ لیا۔اِس موقعے پر انھوں نے بتایا کہ آشاڈھی ایکادشی کے روز پانڈورنگ کے درشن کے لیے وارکریوں کو اولیت دی جائے گی ۔ وزیراعلیٰ نے مزید بتایا کہ حکومت نے وارکریوں کے لیے علیحدہ سے جو وارکاری کارپوریشن قائم کیا ہے اِس کا صدر دفتر پنڈھرپور میں ہی بنایا جائے گا۔وزیراعلیٰ نے بتایا کہ ریاستی حکومت نے وارکریوں کی ہر ایک دنڈی کے لیے 20/ہزار روپئے منظور کیے تھے وہ متعلقہ دنڈیوں کے بینک کھاتوں میں جمع کر دیے گئے ہیں۔

اپنے دورے میں وزیر اعلیٰ نے سنت ہڑوبا کے پالکھی جشن میں بھی شرکت کر کے وارکریوں سے تبادلہ خیال کیا۔ اِس موقع پر وزیر برائے صحت عامہ تاناجی ساونت ٬ وزیر دادا بھوسے اور گیریش مہاجن سمیت کئی نامور شخصیات موجود تھیں۔

***** ***** *****

شیوسینا پارٹی اور انتخابی نشانی سے متعلق شیوسینا اُدھو باڑا صاحیب ٹھاکرے پارٹی کی جانب سے داخل عرضی اور اراکین اسمبلی کی نااہلیت معاملے کی عدالتِ عالیہ میں آج ہونے والی سماعت ملتوی کردی گئی ہے۔ یہ سماعت اب 14 / اگست کے روز کی جائے گی۔

اِسی طرح اراکین اسمبلی کی نااہلیت معاملے میں اسمبلی اسپیکر کے فیصلے کے خلاف داخل کی گئی عرضی پر آئندہ 19 / تاریخ کے روز سماعت ہونے والی تھی جسے آئندہ 23 / تاریخ تک ملتوی کر دیا گیا ہے۔

***** ***** *****

معذوری کا جعلی سرٹیفکیٹ پیش کر کے سرکاری سہولیات کا فائدہ اٹھانے والی ٹرینی پوجا کھیڈکر کے خلاف معذور ملازمین کی تنظیم کے ریاستی صدرنشین اشوک آٹھولے نے معذوروں کے ریاستی کمشنریٹ میں شکایت درج کروائی ہے۔ کھیڈکر کی جانب سے مرکزی پبلک سروِس کمیشن کو پیش کیے گئے معذوری کے سرٹیفکیٹ پر شک ہونے کے بعد مذکورہ کمیشن نے پوجا کھیڈکر کی طبی جانچ کرنے کا حکم دیا تھا۔

***** ***** *****

شیئر بازار میں سرمایہ کاری کر کے زیادہ معاوضہ دلانے کا جھانسہ دے کر سینکڑوں افراد کو لوٹنے کے معاملے میں ممبئی کرائم برانچ کے شعبہ املاک نے آشیش شاہ نامی شخص کو مدھیہ پردیش سے گرفتار کیا ہے۔ پولس نے اُس کے پاس سے 2 / کلو سونا اور 25 / لاکھ روپئے نقد رقم بھی ضبط کی ہے۔ پولس کی جانب سے بتایا گیا ہے کہ آشیش شاہ نے اب تک تقریباً 400 / سے 500 / افراد کو لوٹنے کا انکشاف ہوا ہے۔

***** ***** *****

وزیر اعظم فصل بیمہ یوجنا میں شامل ہونے کے لیے دی گئی مدت 30 / تاریخ تک بڑھا دی گئی ہے۔ جنگلات ٬ ثقافتی امور اور ماہی پروری کے ریاستی وزیر سُدھیر مُنگنٹی وار نے یہ مطالبہ کیا ہے۔ انھوں نے کہا کہ کاشتکاروں کو پریشانیوں سے بچانے اور زیادہ سے زیادہ کاشتکاروں کو اِس یوجنا کو فائدہ پہنچے اِس غرض سے یہ مطالبہ کیا گیا ہے۔ خیال رہے کہ آج اِس یوجنا کے تحت بیمہ بھرنے کی مدت ختم ہو رہی ہے۔

***** ***** *****

چھتر پتی سنبھاجی نگر ہاؤسنگ اور ایریا ڈیولپمنٹ کارپوریشن کی جانب سے وزیر اعظم رہائشی اسکیم ' 20/فیصد شمولیتی اسکیم اور مہا ڈا ہاؤسنگ یوجنا کے تحت موصولہ عرضیوں کی کمپیوٹرائزڈ قرعہ اندازی آئندہ کل یعنی منگل کے روز کی جائے گی۔ اِس میں ایک ہزار 494/دکانیں ' مکانات اور ریسی ڈینشل پلاٹ کا شمار ہے۔ فروری 2024ء کے اشتہار کے مطابق آن لائن موصولہ عرضیوں کی اِس کمپیوٹرائزڈ قرعہ اندازی کا آغاز ضلع کلکٹر دفتر میں ہاؤسنگ کے وزیر اتُل ساوے کے ہاتھوں کیا جائے گا۔ ہاؤسنگ اور ایریا ڈیولپمنٹ کے چیف آفیسر مندار ویدیہ نے پریس ریلیز کے ذریعے یہ معلومات دی۔

***** ***** ***** ***** ***** *****

## یہ خبریں آکاشوانی چھتر پتی سنبھاجی نگر سے نشر کی جا رہی ہیں

***** ***** ***** ***** ***** *****

ریاست کے کوکن اور وسطی مہاراشٹر میں زوردار بارش ہونے کی خبر ہے۔ اِس بارش کے سبب رتنا گیری اور سندھودرگ ضلعے میں ندیوں کی سطح آب میں اضافہ ہوگیا ہے۔ اِسی طرح کولہاپور ' پونا اور ساتارا میں بھی موسلا دھار بارش ہوئی۔ ناسک ضلعے میں کل زوردار بارش ہوئی۔ رائے گڑھ ضلعے سے گزرنے والی ساوِتری ' امبا ' کُنڈلیکا اور پاتڑگنگا ندیاں لبریز ہوکر بہہ رہی ہے۔

کوکن میں چٹانیں کھسکنے کی وجہ سے کئی ٹرینوں کے اوقات میں تبدیلی کی گئی ہے اور کئی ٹرینوں کے راستے تبدیل کر دیے گئے ہیں۔ ممبئی جانے والی تیجس ایکسپریس اور جن شتابدی ایکسپریس ٹرین کو رتنا گیری اسٹیشن پر کل شام پونے چھے بجے سے روک دیا گیا ہے۔ زوردار بارش کی وجہ سے رتنا گیری ضلعے میں آج اسکولوں اور کالجوں کو چھٹی دیدی گئی ہے۔

***** ***** *****

بھارت اور زمبابوے کے مابین کھیلی گئی 5/ T-20/کرکٹ مقابلوں کی سیریز کا فیصلہ کُن مقابلہ بھارت نے جیت لیا ہے۔ کل کھیلے گئے اِس مقابلے میں زمبابوے نے ٹاس جیت کر پہلے گیند بازی کرنے کا فیصلہ کیا تھا۔ لہٰذا بھارت نے پہلے بلّے بازی کرتے ہوئے مقررہ اوورس میں 6/وکٹ کے نقصان پر 167/رن بنائے تھے۔ جوابی بلّے بازی میں زمبابوے کی ٹیم 19/ ویں اوور میں 125/رن بنا کر آل آؤٹ ہوگئی۔ اِس طرح بھارت نے یہ مقابلہ 42/رنوں سے جیت لیا۔

***** ***** *****

اسپین کے کارلوس الکاراز نے وِمبلڈن ٹینس ٹورنامنٹ جیت لیا ہے۔کل کھیلے گئے مینس سنگلز کے آخری مقابلے میں انھوں نے سائبیریا کے ٹینس کھلاڑی نوواک جوکووِچ کو6 - 2 ‘ 6 - 2/ اور 7 - 6/ سے شکست دی۔کارلوس الکارز نے متواتر دوسری مرتبہ یہ ٹورنامنٹ جیتا ہے۔

***** ***** *****

وزیراعظم فصل بیمہ یوجنا کے تحت پربھنی ضلعے میں کل تک 6/لاکھ 28/ ہزار 358/کاشتکاروں نے بیمہ کروایا ہے۔اِس میں 4/لاکھ 17/ہزار 406/ہیکٹر زرعی زمین پر کھڑی فصلوں کا بھی شمار ہے۔پربھنی ضلع کلکٹر رگھوناتھ گاوڈے نے بقیہ کاشتکاروں سے بھی فصل بیمہ کروانے کی اپیل کی ہے۔

***** ***** *****

ناندیڑ ضلعے کے نگراں وزیر گریش مہاجن نے کہا ہے کہ وزیراعلیٰ میری لاڈلی بہن یوجنا سے ایک بھی مستحق خاتون محروم نہ رہے۔ اُنھوں نے اِس بات کا خاص خیال رکھنے کی ہدایت دی ہے۔ساتھ ہی اُنھوں نے اِس خصوص میں شہری اور دیہی علاقوں میں کیمپ کا اہتمام کرنے کی بھی ہدایت دی ہے۔

***** ***** *****

بیڑ ضلعے میں رہنے والی تمام مستحق خواتین کو وزیراعلیٰ میری لاڈلی بہن یوجنا کا فائدہ حاصل ہو اِس کے لیے ضلع کلکٹر اویناش پاٹھک نے ضلعے کے سبھی تعلقوں کا دورہ کرکے خواتین کو اِس یوجنا کی معلومات دی۔اِس خصوص میں گزشتہ 2/دنوں کے دوران انھوں نے گیورائی ‘ وڈونی ‘ پاٹودا ‘ امباجوگائی ‘ آشٹی اور کیج تعلقہ جاکر وزیراعلیٰ میری لاڈلی بہن یوجنا کے تحت جاری کاموں کا جائزہ لیا۔

***** ***** *****

وزیراعلیٰ میری لاڈلی بہن یوجنا سے مستفید ہونے کے لیے لاتور ضلعے میں گزشتہ 3/دنوں کے دوران 5/ہزار 489/عرضیاں موصول ہوئی ہیں۔موصولہ خبر میں بتایا گیا ہے کہ گزشتہ اتوار کے روز بھی مستحق خواتین کی جانب سے درخواستیں قبول کی گئی ہیں۔

***** ***** *****

سماج وادی پارٹی کے ریاستی کارگذار صدر پرتاپ راؤ ہوگاڈے نے بتایا ہے کہ آنے والے اسمبلی چُناوٗں میں اُن کی پارٹی مہاراشٹرا میں اِنڈیا اتحاد کے ساتھ مل کر 30 / سے 35 / سیٹوں پر چُناوٗ لڑے گی ۔ وہ کل دھاراشیو میں صحافتی کانفرنس میں اظہار خیال کر رہے تھے ۔

***** ***** *****

لاتور میں '' میرا لاتور سبز لاتور '' خیال کو روبہ عمل لایا جارہا ہے ۔ اِس خصوص میں کل وہاں سبز مہوُتسو نامی سرگرمی کا اہتمام کیا گیا تھا ۔ اِس کے تحت شہریان کو درختوں کی قلمیں اور پودے لگانے کے لیے درکار اشیاء ایک ہی مقام پر دستیاب کروائی گئی ۔ اِس پروگرام کو شہریان کی خاطر خواہ پذیرائی حاصل ہوئی ۔

***** ***** *****

احمد نگر ضلعے کے شری رام پور کو ضلع قرار دیا جائے ۔ اِس مطالبے کی تکمیل کے لیے کل سوابھیمانی شری رام پور ضلع ٹاسک فورس کی جانب سے آندولن کیا گیا ۔ اِس میں سابق رکن پارلیمان سداشیو لوکھنڈے اور راشٹروادی کانگریس شرد چندر پوار پارٹی کے کارکنان بھی شامل تھے ۔

***** ***** *****

**آخر میں اہم خبروں کی سرخیاں ایک مرتبہ پھر سن لیجیے ...**

☆ **وارکریوں کے لیے علیحدہ سے وارکری کارپوریشن کا قیام ' وزیر اعلیٰ نے لیا آشاڈھی ایکادشی کی تیاریوں کا جائزہ**

☆ **کوکن سمیت وسطی مہاراشٹر میں موسلا دھار بارش**

☆ **زمبابوے کے خلاف کھیلی گئی T-20 / کرکٹ سیریز میں بھارت فاتح**

**اور**

☆ **وِمبلڈن ٹینس ٹورنامنٹ اسپین کے کارلوس الکاراز نے جیتا**

**علاقائی خبریں ختم ہوئیں**

**آپ یہ خبرنامہ ہمارے یوٹیوب چینل AIR چھترپتی سنبھاجی نگر پر دوبارہ کسی بھی وقت سن سکتے ہیں ۔**

☆☆☆